# ٹیچرز گائیڈ

کلاس KG-2 کے لئے

# اندر اوپر

# ٹیچر کیلئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں' جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت ٹیچر بچوں کے پاس جاکر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 35 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 35 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کروائیں' کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 1 اور 5 سے پہلے ہر بچے کی کوپی میں ٹیچرز گائیڈ میں دی گئی سبزیوں کی تصویروں کے اسکیچ سیشن کے مطابق بنائیں یا ان کی فوٹو کوپی کرواکر بچوں کی کوپی میں لگائیں۔

# سیشن 1

**35 منٹ**

- کتاب "اندر اوپر" کی پڑھائی سے پہلے بچوں سے کہیں کے آج ہم ایسی ہی ایک کتاب پڑھیں گے جس میں صرف تصویریں ہیں۔ان تصویروں کو دیکھ کر ہم کلاس میں بات چیت کریں گے۔
- بچوں سے پوچھیں۔
  - کسی نے کبھی سبزی یا پھل خریدے ہیں۔
  - پھل یا سبزی کسی دوکان سے خریدے ہیں یا ٹھیلے والے سے۔

  ہر بچے کو جواب دینے کا موقع دیں۔
- بچوں سے کہیں کے کتاب کھولیں۔ صفحہ نمبر 4-1 کے حوالے سے بچوں سے سوالات کریں۔ کوشش کریں کہ ہر بچے کو سوال کا جواب دینے کا موقع دیں۔ بچوں سے پوچھیں۔
  - ان صفحات میں کونسی سبزیاں نظر آرہی ہیں۔
  - یہ سبزیاں کس کس کو پسند ہیں۔
  - کونسی سبزیاں زمین کے اندر اور کونسی زمین کے اوپر اگتی ہیں۔
  - کس کس کو گاجر پسند ہے۔
  - وہ کونسا جانور ہے جو گاجر شوق سے کھاتا ہے۔ (خرگوش)

- گاجر سے کیا کیا چیزیں بنتی ہیں۔ (گاجر کا حلوہ' گاجر کی سبزی کا سالن وغیرہ)
- گاجر اور ٹماٹر کس رنگ کے ہیں۔
- مولی اور کھیرے کس رنگ کے ہیں۔
- سبزیوں کے علاوہ ان صفحات پر اور کیا نظر آرہا ہے۔ ان کے نام اور رنگ بتائیں۔
- گن کر بتائیں کتاب میں کل کتنی گاجریں' کتنے ٹماٹر' کتنی مولیاں اور کتنے کھیرے ہیں۔

- اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ گاجر اور ٹماٹر کی تصویریں کوپی میں بنی ہوئی ہیں۔ ان میں رنگ بھریں۔

### ٹیچر کے لئے نوٹ

ٹیچر کے لئے ضروری ہے کہ وہ اس کتاب کا کوئی بھی صفحہ پڑھاتے ہوئے آخری صفحہ پر بنی ہوئی سبزیوں کی تصویریں بچوں کو ضرور دکھائیں۔ ان کا انگریزی ترجمہ بھی بتائیں۔ جہاں بچوں کو کوئی مشکل ہو وہاں ان کی رہنمائی کریں۔

- گھر سے نیچے دی گئی چیزیں منگوائیں۔

1) چنے کے چھ یا سات دانے  2) روئی  3) پلاسٹک کی پلیٹ

## سیشن 2

35 منٹ

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم چنے اور روئی کی مدد سے پودے اگائیں گے۔ بچے گھر سے جو چنے کے دانے' روئی اور پلیٹ لائے ہیں ٹیچر ان سے وہ نکالنے کے لئے کہیں۔ ٹیچر ہر بچے کے پاس جائیں۔ ان کا نام کاغذ پر لکھ کر ٹیپ کے ساتھ پلیٹ کے پیچھے چپکائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ روئی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے توڑ توڑ کر پلیٹ میں رکھیں۔ اس کے اوپر جو چنے کے دانے لائے ہیں رکھیں۔

- ٹیچر ہر بچے کے پاس جاکر روئی پر اتنا پانی ڈالیں کہ روئی بھیگ جائے۔ ٹیچر اس بات کا خیال رکھیں کہ پانی بہت زیادہ نہ ہو۔
- بچے جب کام مکمل کرلیں تو ان سے کہیں کہ وہ اپنی پلیٹ ایسی جگہ رکھیں جہاں اسے سورج کی روشنی ملے۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

پلیٹ میں دانوں کی مدد سے اگائے جانے والے پودوں کا ٹیچر روزانہ بچوں کے ساتھ مل کر معائنہ کریں۔ جب بھی پانی کی ضرورت ہو تو خود پانی دیں۔

# سیشن 3

35 منٹ

- آج صفحہ نمبر 8-5 کے بارے میں بات چیت کریں۔ صفحہ نمبر 8-5 پر بنی ہوئی تصویروں کی طرف بچوں کی توجہ دلائیں۔ بچوں سے پوچھیں۔

- ان صفحات میں کونسی سبزیاں نظر آرہی ہیں۔
- ان سبزیوں کے کیا رنگ ہیں۔
- کونسی سبزی زمین کے اندر اگتی ہے اورکونسی سبزی زمین کے باہر اگتی ہے۔
- کھانے میں آلو کس کس کو پسند ہیں۔
- آلو سے وہ کونسی چیز بنتی ہے جسے بڑے اور بچے دونوں شوق سے کھاتے ہیں۔

بچوں کو جواب دینے کا موقع دیجئے۔ بچوں کو بتائیں کے آلو کی مدد سے chips بنتے ہیں۔ اس موقع پر بچوں کو یہ بھی بتائیں کے زیادہ chips کھانا صحت کے لئے اچھا نہیں ہوتا ہے۔

- وہ کونسا پرندہ ہے۔ جو ہری مرچ شوق سے کھاتا ہے(طوطا)۔

بچوں کو بتائیں کہ مرچ کا رنگ شروع میں ہرا ہوتا ہے اور جب وہ پک جاتی ہے اس کا رنگ لال ہوجاتا ہے۔ مرچوں کے مختلف سائز ہوتے ہیں۔مثلاً: موٹی ، لمبی ، گول، چھوٹی

35 منٹ

- مندرجہ بالا بات چیت مکمل کرنے کے بعد کلاس کے 5-4 بچوں کو بلائیں اور ان سے کہیں کے اگر امی سے کھانے میں مرچیں تیز ہوجائیں تو ان کا کیا حال ہوتا ہے۔ اداکاری کرکے دکھائیں۔

**نوٹ**

بچوں کے ساتھ مل کر پودوں کا جائزہ لیں۔

# سیشن 4

- آج کتاب کے صفحہ نمبر 12-9 کے بارے میں بات چیت کریں۔ ان صفحات پر بات چیت سے پہلے بچوں سے پچھلے صفحات کی دہرائی کروائیں۔ اب تک جتنی سبزیوں کے بارے میں بچوں کو معلومات دی گئی ہیں۔ ان سے متعلق سوال کریں۔
  - سبزیوں کے نام کیا ہیں۔
  - سبزیوں کے رنگ کیا ہیں۔
  - آلو کی مدد سے کونسی چیز بنائی جاتی ہے۔
  - کونسا جانور شوق سے گاجر کھاتا ہے۔
  - کونسا پرندہ شوق سے مرچیں کھاتا ہے۔
  - پک جانے کے بعد مرچوں کا رنگ کیا ہوتا ہے۔
  - کھیرے کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں۔
  - مولی کس رنگ کی ہوتی ہے۔
  - chips زیادہ کیوں نہیں کھانے چاہیے۔
- صفحہ نمبر12-9 کی تصویریں دکھاتے ہوئے بچوں سے پوچھیں۔
  - کونسی سبزیاں نظر آرہی ہیں
  - کونسی سبزی زمین کے اندر اور کونسی سبزی زمین کے اوپر اگتی ہے۔
  - چقندر کھانے میں کس کو پسند ہے اور کس کو نا پسند۔

- مٹر پلاؤ کسے پسند ہے۔
- آپ میں سے کون کون مٹر چھیلنے میں امی کی مدد کرتا ہے۔
- کن بچوں کو بھٹا کھانے کا شوق ہے۔
- کن بچوں نے بھٹے والے کے ٹھیلے سے بھٹا خریدا ہے۔

بچوں کو بتائیں بھٹے کے دانے کو مکئی کہا جاتا ہے۔ مکئی کے آٹے سے روٹی بھی بنائی جاتی ہے۔

- ان سبزیوں کے انگریزی میں نام بتائیں۔

## سیشن 5

35 منٹ

- صفحہ نمبر 16-13 تک کی تصاویر پر بات چیت کریں۔

صفحہ نمبر 14-13 کی تصویریں دکھاتے ہوئے بچوں سے پوچھیں۔

- یہ سبزی ہے یا پھل۔
- ان کے نام کیا ہیں۔
- انگور اور اسٹرابری کس کس کو پسند ہے۔
- انگور اور اسٹرابری کا ذائقہ کیسا ہوتا ہے۔

بچوں کو بتائیں ان پھلوں سے جیم (jam) بنتا ہے جو پراٹھے یا ڈبل روٹی کے ساتھ کھایا جاتا ہے۔

- صفحہ نمبر 16-15 کی تصویریں دکھاتے ہوئے بچوں سے پوچھیں۔
  - یہ سبزی ہے یا پھل۔
  - ان کے نام کیا ہیں
  - ان کے رنگ کیا ہیں۔
  - ان کا ذائقہ کیسا ہوتا ہے۔
  - زمین کے اوپر اگتے ہیں کہ زمین کے نیچے۔

- کس جانور کو کیلا بہت پسند ہے۔
- کونسا جانور آسانی سے ناریل توڑ لیتا ہے۔
- کیا آپ میں سے کسی نے ناریل کا پانی پیا ہے۔
- ناریل نرم ہوتا ہے یا سخت۔
- ناریل کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں۔

- کوپی میں بنائی گئی تصویروں میں رنگ بھریں۔

## نوٹ

اگر چنے کے پودے تیار ہوگئے ہیں تو بچے انہیں گھر لے جائیں۔


| colour / رنگ | English | اردو |
|---|---|---|
| pink / گلابی | onion | پیاز |
| green / ہرا | green chili | ہری مرچ |
| brown / بھورا | ginger | ادرک |
| white / سفید | cauliflower | گوبھی |
| green / ہرا | peas | مٹر |


| colour / رنگ | English | اردو |
|---|---|---|
| orange / نارنجی | carrot | گاجر |
| red / لال | tomato | ٹماٹر |
| white / سفید | radish | مولی |
| green / ہرا | cucumber | کھیرا |
| brown / بھورا | potato | آلو |

ٹیچر کی سہولت کے لئے کتاب میں دی گئی سبزیوں کا انگریزی ترجمہ دیا جارہا ہے









# اندر اوپر

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale

# اندر اوپر

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale